# ساہتیہ اکیڈمی میں پرواسی منچ پروگرام کا انعقاد




نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) عالمی یوم ہندی کے موقع پر ساہتیہ اکیڈمی کی جانب سے پرواسی منچ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ریکھا راجونشی (آسٹریلیا)، جے ورما (یو کے)، انیتا کپور (امریکہ)، سریش چندر شکلا (ناروے)، انوپ بھارگوا (امریکہ) اور رجنی بھارگوا (امریکہ) نے شرکت کی اور اپنے اپنے ممالک میں ہندی کی حیثیت اور ہندی کے فروغ میں کی جارہی کوششوں کا ذکر کیا۔ تمام موجود غیر ملکی ادباء نے اپنے اشعار بھی پیش کیے۔ پروگرام میں تخلیق کاروں نے بیرون ملک ہندی کی ترقی کے لیے کچھ مشورے بھی دیے جن میں سب سے اہم ایک ایسی ویب سائٹ کی تشکیل تھی جس میں مختلف ممالک میں ہندی پڑھانے اور سیکھنے کے مقامات کا ذکر کیا گیا ہوتا کہ اگر کوئی ہندوستانی کسی ملک میں ٹھہرے تو وہ وہاں ہندی پڑھنے کے لیے بذریعہ ویب سائٹ رابطہ کرے۔ مقررین نے بتایا کہ ان تمام جگہوں پر ہندی کی حالت میں مسلسل بہتری آرہی ہے اور گزشتہ ۲۵ برسوں کے مقابلے میں صورتحال کافی بدل گئی ہے۔ اب ہوائی اڈہ، ریلوے اسٹیشن، ریڈیو اسٹیشن اور ٹی وی۔ مراکز میں معلومات اور پروگرام ہندی میں نشر کیے جاتے ہیں۔ قبل ازیں پروگرام کے آغاز میں ساہتیہ اکیڈمی کے سکریٹری ڈاکٹر کے سرینواس راؤ نے تمام موجودہ غیر ملکی ادباء کا خیر مقدم کیا اور انہیں ساہتیہ اکیڈمی کی کتابیں عطیہ کیں۔